نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے مون سون کے دوران کپاس کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور **17** جولائی **2025**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار مون سون کی بارشوں کے دوران فصل کے تحفظ کیلئے ترجیحاً اقدامات کریں۔مون سون کی زیادہ بارشیں کپاس کے پودے پر منفی طور پر اثر انداز ہوتی ہیں۔جڑی بوٹیوں کی بھرمار ہوجاتی ہے اور ضرر رساں کیڑوں کی تعداد بھی بہت تیزی سے بڑھتی ہے۔کاشتکار کپاس کے کھیتوں سے جڑی بوٹیوں کی بروقت تلفی کو یقینی بنائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ زیادہ بارشوں کی صورت میں اضافی پانی فوری طور پر کھیت سے نکال دیں کیونکہ اگر زیادہ دیر تک پانی کھیت میں کھڑا رہے تو جڑوں کو سانس لینے میں دقت ہوتی ہے اور 48 گھنٹے بعد پودے مرجھانا شروع کر دیتے ہیں۔اگیتی کاشت کی صورت میں فصل کو بارش کے زائد پانی کے نقصان سے بچانے کے لئے کپاس کے کھیت میں کھڑا پانی کسی خالی نچلے کھیت میں نکال دیں یا ایک طرف لمبائی کے رخ کھائی کھود کر پانی اس میں جمع کر دیں۔24 گھنٹے سے زیادہ بارش کا پانی کھڑا رہے تو بڑھوتری رک جاتی ہے۔اس صورت میں کاشتکار 1 سے 2 فیصد یوریا کا محلول بنا کر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی عملے کے مشورہ سے سپرے کر دیں تا کہ پودے کی فوری غذائی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔

☆☆☆☆